The Leading Urdu daily of India Published Simultaneously from Bihar, Jharkhand & U.P.

بانی: ایس ایم عمر فرید

قومی تنظیم

QAUMI TANZEEM قومی تنظیم

R.N.I. No. 4257/64. website : www.qaumitanzeem.com

PATNA, 27.05.2025 (Tue.) ** Late City Rs. 3/- 57: پٹنہ، ۷/مئی ۲۰۲۵ء مطابق ۲۸ ذی قعدہ ۱۴۴۶ھ (منگل) شمارہ نمبر: 142 جلد نمبر:

خارجہ سکریٹری وکرم مسری امریکہ کے سہ روزہ دورے پر

نئی دہلی (یو این آئی) خارجہ سکریٹری وکرم مسری منگل سے امریکہ کے تین روزہ دورے پر واشنگٹن روانہ ہوں گے۔ وزارت خارجہ نے آج یہاں بتایا کہ خارجہ سکریٹری مسٹر وکرم مسری 27 سے 29 مئی تک واشنگٹن کا دورہ کریں گے جہاں وہ امریکی انتظامیہ کے سینئر عہدیداروں سے ملاقات کریں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ خارجہ سکریٹری کے اس دورے کے دوران کچھ اہم دفاعی سازوسامان ٹیکنالوجی کے حوالے سے امریکہ سے تعاون حاصل کرنے پر بات چیت ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ خارجہ سکریٹری کی اہم امریکی لیڈران سے ملاقات ہوگی۔

اجیت ڈوبھال کی طبیعت خراب، ماسکو دورہ ملتوی

نئی دہلی (یو این آئی) قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال خرابی صحت کی وجہ سے ماسکو میں سکیورٹی کے مسائل پر ہونے والی علاقی نمائندوں کی 13ویں بین الاقوامی میٹنگ میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ ذرائع کے مطابق قومی مشیر سلامتی 27 سے 29 مئی کو ماسکو میں سکیورٹی کے مسائل پر ہونے والے علاقی نمائندوں کے 13ویں بین الاقوامی اجلاس میں شرکت کرنے والے تھے لیکن موسمی خلل سے متاثر ہونے کی وجہ سے وہ اجلاس میں شرکت سے قاصر ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ مسٹر اجیت ڈوبھال بلیٹرل سطح پر جنگ اور سلامتی کے مسئلوں کے ساتھ ہر فرد تعلقات کو آگے بڑھانے کے خواہشمند ہیں۔

اردو زبان وادب اور روزگار کے مواقع

ڈاکٹر محمد جلال الدین

9412596074

آج کے نوجوانوں کے سامنے سب سے بڑا چیلنج، حصول روزگار اور معیشت کا ہے۔ اس لئے وہ اپنی کیریئر سازی کے لیے اس شعبہ تعلیم (کورسز) کا انتخاب کرتے ہیں، جس میں روزگار کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ چنانچہ اس مختصر تحریر میں اردو زبان وادب کی افادیت اور اس میں موجود روزگار اور کیریئر سازی کے امکانات دریافت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ سمجھنے کی سعی کرتے ہیں کہ اردو، روزمرہ، معاشی اور اقتصادی زندگی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔

اردو صرف ایک زبان نہیں، بلکہ اس ملک کی مشترکہ تہذیب کی علامت اور محافظ بھی ہے۔ یہ زبان نہ صرف اس ملک میں پیدا ہوئی ہے بلکہ اس کی جڑیں اس مٹی کی گہرائیوں میں پیوست ہیں۔ اس زبان میں یہاں کی مٹی کی خوشبو بسی ہوئی ہے، اور یہی سبب ہے کہ اس ملک کی مٹی سے اس کا رشتہ اٹوٹ ہے۔

تاریخ شاہد ہے کہ اردو زبان وادب نے نہ صرف ملک کی تحریک آزادی میں اہم کردار ادا کیا، بلکہ ہنوز اس ملک کی ترقی اور گنگا جمنی تہذیب کے فروغ واستحکام میں بے لوث اپنا کردار نبھا رہی ہے۔ یہ کسی بھی ملک کی ایک زندہ اور فعال زبان کی پہچان ہے، جو باعث افتخار ہے۔ یہ زبان ایک صحت مند اور خوشحال معاشرے کی تشکیل وتعمیر میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ عصر حاضر میں پیشہ ورانہ زندگی اور روزگار کے شعبہ میں بھی نئے اور وسیع تر امکانات کے دروازے وا کر رہی ہے۔ آج جہاں معاشی ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کا دور دورہ ہے، وہاں اردو زبان وادب سے منسلک افراد کے لئے بھی روزگار کے بے شمار مواقع دستیاب ہیں۔ عملی اور پروفیشنل زندگی کا شاید ہی کوئی ایسا شعبہ ہے جہاں یہ زبان نئی نسل کی رہنمائی اور معاونت نہ کرتی ہو۔ ابتدا سے اردو سے وابستہ امیدواروں نے سول سروسز کے امتحانات میں شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں، اور یہ سلسلہ لگاتار جاری ہے۔ یو۔پی۔ایس۔سی، بی۔پی۔ایس۔سی، ایس۔ایس۔سی، بی۔ایس۔ایس۔سی، جے۔ایس۔ایس۔سی اور ملک کے دیگر صوبوں کے سول سروسز کے امتحانات میں اردو بطور اختیاری پرچہ لے کر متعدد طلبا وطالبات ملک کے اعلیٰ اور مقتدر عہدے پر فائز ہونے کا خواب شرمندۂ تعبیر کر رہے ہیں، جو کسی بھی زبان کے حوالے سے ایک حوصلہ افزا اور خوش آئند پہلو ہے۔ اس کے علاوہ، ٹی۔وی۔اینکر، نیوز ریڈر، رسائل وجرائد کے مدیر، ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام اکیڈیکٹیو، اخبارات میں کالم نویسی، اردو لیکچرر، پروفیسر شپ، یو۔جی۔سی (نیٹ، جے۔آر۔ایف)، ترجمہ نگاری، سیاحت وگائیڈنگ اور دیگر انتظامی وغیر تدریسی میدان میں بھی بے شمار مواقع ہیں، جہاں اچھی ملازمت کے ساتھ اردو سے وابستہ افراد کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ان سہولیات اور مواقع سے مستفید ہو کر اردو سے وابستہ افراد کثیر تعداد میں نمایاں کامیابی حاصل کر کے ملک کے اعلیٰ عہدے پر فائز ہو رہے ہیں، اور ملک وقوم کی قابل ستائش خدمات انجام دے رہے ہیں۔ پچھلے کچھ برسوں کے سول سروسز کے نتائج پر ہی اگر آپ غور کریں، تو اندازہ ہوگا کہ اردو سے وابستہ افراد نے نہ صرف قابل لحاظ تعداد میں کامیابیاں حاصل کیں بلکہ، امتیازی مقام حاصل کر کے اس زبان کی اہمیت بھی ثابت کی ہے۔ اس کے علاوہ کم وبیش ہر سال اردو مترجمین، اردو اساتذہ ودیگر شعبوں میں کافی تعداد میں اسامیاں نکلتی رہتی ہیں، جس کی بدولت ملازمت اور روزگار کے وسیع مواقع دستیاب ہوتے ہیں۔ بالخصوص، حکومت بہار کی جانب سے اردو کو فروغ دینے کی کوششوں کے باعث یہاں ملازمت کے بہتر مواقع پیدا ہوئے ہیں۔

اس طرح، اس زبان کا دائرہ اب صرف جذبات واحساسات کے اظہار تک محدود نہیں رہا، بلکہ روزگار کے میدان میں بھی اس کی افادیت بڑھتی جا رہی ہے۔ نئی نسل کی کیریئر سازی اور ان کی معاشی ترقی میں اردو زبان وادب کے کثیر جہت اور دوررس اثرات اب پوری طرح واضح ہو چکے ہیں۔ یہ امتیاز اسی زبان کو حاصل ہے کہ یہ شخصیت کی تعمیر وتشکیل میں اہم کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی استحکام اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے میں بھی معاون ومددگار ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوان نسل، اردو کو نہ صرف ثقافتی شناخت کے طور پر اپنائیں بلکہ اسے جدید مہارتوں کے ساتھ جوڑ کر اپنی عملی زندگی اور پروفیشنل کیریئر میں کامیابی کا ذریعہ بنائیں۔ نیز اس میں موجود وسیع تر امکانات کو بروئے کار لا کر ایک کامیاب مستقبل کی بنیاد رکھیں۔ اسی کے ساتھ یہ امر بھی قابل توجہ طلب ہے کہ اس زبان کا تحفظ وترقی نہ صرف وقت کی اہم ضرورت ہے، بلکہ تمام اردو دوست افراد کی اولین ذمہ داری بھی ہے۔ کیونکہ اپنی زبان سے صرف نظر کر کے ایک کامیاب اور خوشحال زندگی کا تصور بے معنی ہے۔ نوجوانوں کو چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ اس زبان سے خود کو جوڑ کر اس کی ترقی وترویج میں اپنا کردار نبھائیں اور ایک کامیاب اور خوشحال مستقبل کو یقینی بنائیں۔

❁❁❁

اسسٹنٹ پروفیسر

شعبہ اردو، بی۔این۔کالج، پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ